اٹھایا اور اکثر اوقات آپ اپنا
سر آسمان کی طرف اٹھایا کرتے تھے، پھر

الى السماء فقال النجوم امنة للسماء فاذا ذهبت النجوم اتى السماء ما توعد وانا امنة لاصحابى فاذا ذهبت انا اتى اصحابى ما يوعدون و اصحابى امنة لامتى فاذا ذهب اصحابى اتى امتى ما يوعدون.

(الصحيح لمسلم ج۲-ص۳۰۸)

فرمایا ستارے آسمان کا امن ہیں، جب تارے ختم ہو جائیں گے تو قیامت برپا ہو گی اور میں اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کے لیے امن ہوں جب میں چلا جاؤں گا تو میرے صحابہ رضی اللہ عنہم پر وہ وقت آ جائیگا جس کا اُن سے وعدہ کیا گیا ہے اور میرے صحابہ رضی اللہ عنہم میری اُمّت کیلئے امن ہیں جب میرے صحابی رضی اللہ عنہم چلے جائیں گے تو میری اُمّت کے پاس وہ چیز آئیگی جس کا اُن سے وعدہ کیا گیا ہے۔

Ḥadrat Abu Musa Al-Ash'ari رضي الله عنه narrated that the Almighty Allah's Apostle ﷺ often lifted his face towards the sky and said: "The stars are the protection of the sky. When they are no more, it will be Doomsday. I am the protection of my Companions. When I pass away, my Companions will go through the time that has been appointed for them. And my Companions are the protection of my *Ummah*; when they leave, my *Ummah* will go through what it has been promised."

-(Ṣaḥīḥ Muslim V2, P308)

اراد بوعد اصحابه الفتن وكذا بوعد الامة و الاشارة فى الجملة الى مجئ الشر عنه ذهاب اهل

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے پاس وعدہ آنے کا مقصد فتنے ہیں۔ اسی طرح اُمّت کے پاس وعدہ آنے کا مقصد بھی فتنے ہیں۔ اس جملہ میں

الخير فانه ﷺ كان يبين لهم ما يختلفون فيه فلما توفى اختلف الاهواء وكانت الصحابة يستندون الامر الى الرسول ﷺ فى قوله اوفعله او دلالة حاله فلما فقدوا قلّت الانوار و قويت مظالم۔

(مجمع البحار الانوار ج ۱ ص ۵۴)

اشارہ ہے کہ نیک لوگوں کے چلے جانے سے شر پھیلتا ہے، کیونکہ حضور اقدس ﷺ، صحابہ کرام میں جو اختلاف ہوتا تھا وہ بیان فرما دیا کرتے تھے، جب آپؐ نے وفات پائی تو خواہشات میں اختلاف رونما ہوا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تو اپنے لیے حضور اقدس ﷺ کے قول یا فعل یا تقریر کو سند سمجھتے تھے جب انہوں نے آپؐ کو گم پایا تو انوار میں کمی واقع ہوئی اور اندھیرے زیادہ پھیل گئے۔

By the comming of promise to his companions, the Holy Prophet Muḥammad ﷺ meant a warning of discord. Similarly he warned the *Ummah* of the spread of dissent. In the saying, allusion is towards the rise in evil with the demise of pious people. For the Almighty Allāh's Apostle ﷺ used to resolve the differences between the companions if there were any. When the Holy Prophet ﷺ passed away, differences developed among the companions who used to seek guidance from his sayings and actions. When they missed the Holy Prophet ﷺ, the light of guidance decreased and darkness increased.

-(Majma' Al-Bihār Al-Anwār V1, P54)

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الأمي وعلى آله وأصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك

سیدنا الأُمَنَة صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار — پکے امانت دار — درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā AL-UMANATU ﷺ
(Our Leader the Most Trustworthy ﷺ)

والامنة بضم الهمزة
و فتح الميم و بفتح الهمزة
ايضاً الوافر الامانة
الذى يؤتمن على كل شئ
وسمى ﷺ بذلك
لأن الله تعالى استأمنه
على وحيه أو الحافظ
أى حافظ لأصحابه
يدفع به الله قيل من
البدع وقيل من الإختلاف
والفتن ولاينا فى هذا

الامنۃ ہمزہ کے ضم اور میم کی
فتح کے ساتھ اور ہمزہ کے فتح کے
ساتھ بھی آیا ہے۔ پورے امانت دار
جن پر ہر چیز میں اعتماد کیا جائے۔ یہ
اسم گرامی حضورِ اقدس ﷺ کا
اِس لیے رکھا گیا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ
نے آپؐ کو اپنی وحی پر امین بنایا
یا بمعنی نگہبان کے یعنی حضورِ اقدس
ﷺ اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم
کے نگہبان تھے۔ اللہ تعالیٰ آپؐ
کے ذریعے بدعتوں اور اختلاف اور

قوله ﷺ (إذا اراد الله بامة رحمة قبض نبيها قبلها) لاحتمال ان يكون المراد برحمتهم امنهم من المسخ والخسف ونحو ذلك من أنواع العذاب وبآيات ما يوعدون من الفتن بينهم بعد ان كان بابها منسداً عنهم بوجوده ﷺ او معنى الامن كما فى قوله تعالى (إِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ) وسمى به ﷺ لانه امان المؤمنين من العذاب والكافرين من الخسف والعقاب۔

(سبل الهدیٰ ج ۱ ص ۵۳۳)

فتنوں کو دور کرتا تھا اور یہ نام اس حدیث کے منافی نہیں ہے جس میں آپ نے فرمایا کہ "جب اللہ تعالیٰ کسی اُمّت کے ساتھ رحم کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو انکی زندگی میں نبی کو اپنے پاس بُلا لیتا ہے"۔ اور رحمت سے مُراد ان کا شکلیں بگڑنے، زمین میں دھنس جانے یا اس قسم کے دیگر عذابوں اور ان کے درمیان برپا ہونے والے فتنوں سے امن پانا تھا جس کا دروازہ آپ کے وجود مبارک کیوجہ سے بند کر دیا گیا۔

اس لفظ کے دوسرے معنی ہیں امن، جس طرح اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک سورت انفال آیت نمبر ۱۱ میں فرماتا ہے "جب تم کو اللہ تعالیٰ نے اُونگھ سے ڈھانک دیا تھا یہ اسکی طرف سے امن تھا" اور حضور اقدس ﷺ کا یہ اسم گرامی اس لیے رکھا گیا کہ آپ مومنوں کیلیے عذاب سے امان تھے اور کافروں کیلیے شکلیں بگڑنے اور (دنیوی زندگی میں) آپ سے امان تھے۔

The word *Umana* read with a short vowel, *ḍamma* (*u*) on the *hamza*, followed by *Mīm* with short vowel *fatḥa* (*a*) or alternatively with *fatḥa* (*a*) on the initial *hamza* (*Amana*), signifies 'perfection in trustworthiness'; that is, the one in whom total trust may be placed.

The Almighty Allah's Apostle ﷺ was so called, because Allah the Almighty made him the trustee of His revelation; or because he was the protector, i.e. protector of his Companions and by whose presence, it is said, Allah the Almighty prevented discord arising from innovations and differences. This is not contrary to a saying of the Almighty Allah's Apostle ﷺ: "When Allah the Almighty intends to show His kindness to a people (*Ummah*), He takes His Prophet away from them". By kindness is probably meant that they are protected from disfigurement, sinking down into earth, or other tortures of similar nature, of which they had been saved from trials having developed among themselves, the door of which have been closed by virtue of the presence of the Holy Prophet ﷺ.

The word *Al-Amana* also has the meaning of *Aman*, i.e. 'protection' or 'relief', just as Allah the Almighty says in the *Holy Qur'ān*:

Remember He covered you
With (a sort of) drowsiness,
To give you calm as from
Himself ....

-(Al-Anfal 8:11)

The Almighty Allah's Prophet ﷺ was also called *Al-Umana* because he was a protection for the Believers against chastisement and the Disbelievers against their disfigurement and (worldly) tortures.

-(Subul Al-Huda V1, P534)

سَيِّدُنَا أَمْنَعُ النَّاسِ صلى الله عليه وسلم

ہمارے سردار سب سے زیادہ بارعب درود وسلام بھیجیے اِن پر

Sayyidunā AMNA'-UN-NĀS ﷺ
(Our Leader the Most Invincible ﷺ)

قال حسان بن ثابتؓ :
" و امنع ذروات
و اثبت فی العلا
دعائم عز
شاهقات تشید۔ "

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا: " رعب سے کے پہاڑ اور بلندی میں ثابت، عزت کے ستون، اُونچے، بلند، مضبوط۔
(تاریخ ابن کثیر ج ۵ ۔ص ۲۸۱)

Ḥadrat Ḥassān bin Thābit رضی اللہ عنہ says the following verse in praise of the Holy Prophet ﷺ:
"He ﷺ was:
More formidable than the highest peaks
The firmest up high
A pillar of strength
The sublime, most commendable."
-(Tārīkh Ibn-Kathir V5, P281)

عن کعب بن مالکؓ

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ

قال العباس بن عبد المطلب رضي الله عنه ان محمداً صلى الله عليه وسلم منا حيث قد علمتم وقد منعنا من قومنا ممن هو على مثل رائينا فيه وهو في عز من قومه ومنعة في بلده۔

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۳ ص ۴۶۱)

سے روایت ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے لَیلَۃُ العَقَبَہ کے موقع پر انصار کو مخاطب کر کے فرمایا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا رشتہ جو ہم سے ہے وہ آپ جانتے ہیں۔ آپ کو ہم نے اپنی قوم سے محفوظ رکھا ہوا ہے، وہ قوم میں عزت والے ہیں اور اپنے شہر میں رعب والے ہیں۔

Ḥaḍrat Ka'b bin Mālik رضی اللہ عنہ quoted Ḥaḍrat 'Abbās bin 'Abdul Muṭṭalib رضی اللہ عنہ as saying in an address to the Anṣār on the night of *Al-'Aqāba*: "Indeed Muḥammad ﷺ is to us as you know him. We have held him most distinguished among our people. He is the predominant amongst us and most invincible of all in the country."

-(Musnad Imām Aḥmad bin Hanbal V3, P461)

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الأمي وعلى آله وأصحابه

سيدنا الأمي ﷺ

ہمارے سردار — اُمی — درود و سلام بھیجئے اُن پر

Sayyidunā AL-UMMIYYU ﷺ
(Our Leader the Unlettered ﷺ)

إشارة إلى قوله :
" الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ " (سورة الأعراف ۱۵۷)

اشارہ ہے اس آیت کی طرف:
" وہ لوگ جو رسول نبی اُمی کی پیروی کرتے ہیں۔"

Reference to the *Holy Qur'ān*:

Those who follow the Apostle,
The unlettered Prophet ....
-*(Al- A'rāf 7:157)*

عن ابن عمرؓ عن النبي ﷺ انه قال انا امة امية لا نكتب ولا نحسب الشهر هكذا وهكذا يعني مرة تسعا وعشرين و مرة

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا ہم اَن پڑھ اُمت ہیں، نہ لکھنا جانتے ہیں اور نہ ہی حساب جانتے ہیں مہینہ اس طرح اس طرح ہوتا ہے یعنی

ثلثین - (صحیح البخاری ج ۱ ص ۲۵۶) | کبھی انتیس دن کا اور کبھی تیس دن کا۔

Ḥaḍrat 'Abdullāh Ibn 'Umar رضی اللہ عنہما has narrated the Holy Prophet ﷺ as saying: "We are a nation unlettered; we neither write, nor know accounts. The month is either this or that, i.e. sometimes of 29 and sometimes of 30 days."
-(*Ṣaḥīḥ Al-Bukhāri V1, P256)*

نسبة الى الام كانه
على الحالة التى ولدته امه
وكانت الامية فى حقه ﷺ
معجزة وان كانت فى حق
غيره ليست كذلك (سبل الہدیٰ ج ۱ ص ۵۳۷)

ماں کی طرف نسبت ہے، گویا کہ آپ
اسی طرح رہے جیسا آپ کو آپ کی ماں
نے جنا تھا اور یہ اَن پڑھ ہونا آپ
کے حق میں معجزہ ہے اور آپ کے
غیر میں ایسا نہیں ہے۔

The word *Al-Ummi* has been used with reference to the word 'mother' (*Umm*) as if he ﷺ remained just as he was born of his mother (clear of all worldly knowledge). Being 'Unlettered' is a miracle of his ﷺ (especially designated for him), not occurring in others (for the same reason).
-(*Subul Al-Hudā V1, P537)*

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • یا اللہ لا الٰہ الا انت
اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ

سیدنا الأمی ﷺ

مقصود

ہمارے سردار — درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā AL-AMIYYU ﷺ
(Our Leader the Most Sought After ﷺ)

قال ابن عطیۃ رحمۃ اللہ علیہ منسوب إلى الأم بمعنى القصد اى ان هذا النبى مقصود للناس و موضوع ام يؤمونه بافعالهم و شرعهم فعلى هذا يكون اسما آخر.

(شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۲۲)

حضرت ابن عطیہ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ الامی ام کی طرف منسوب ہے جس کا معنیٰ مقصود اور قصد ہے کیونکہ جہان کے مقصود افعال و شریعت میں آپ ﷺ ہی ہیں۔ اِس بنا پر یہ لفظ دوسرا اسمِ گرامی ہے۔

Ḥadrat Ibn 'Aṭiyyah رحمۃ اللہ علیہ said: "The word *Amiyyu* is related to *Amm* which means 'the ideal' and the 'desired', because he ﷺ is the most desired by people. He ﷺ is an 'aspiration' for people, the

most sought after practical example by whom they seek to perfect their (own) actions and principles. For this reason it (*Amiyyu*) is also included among the blessed names of the Holy Prophet ﷺ."

-(Sharh Al-Mawahib Al-Ladunya by Al-Zarqāni V3, P122)

قال ابن جنى رحمه الله يحتمل انه بمعنى الامى غير تغيير النسب -

(شرح المواهب اللدنية للزرقانی ج ۳ ص ۱۲۲)

حضرت ابن جنی رحمۃ اللہ علیہ، جو لغت کے امام ہیں، کا بیان ہے کہ احتمال ہے کہ اُم (ماں) کی طرف نسبت ہے تو معنی یہ ہوگا کہ آپ خالص حسب والے، صحیح نسب والے ہیں۔

Hadrat Ibn Jinni رحمۃ اللہ علیہ, (a leading lexicographer), has explained that the word (*Amiyy*) may be related to *Ummi* (derived from *Umm* mother), to mean that he ﷺ was of a pure lineage.

-(Sharh Al-Mawāhib Al-Ladunya by Al-Zarqāni V3, P122)

بسم الله الرحمن الرحيم

سیدنا الأمین ﷺ

ہمارے سردار امین درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā AL-AMĪN ﷺ
(Our Leader the Most Trustworthy ﷺ)

عن ابی سعید الخدری رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ الا تتمنونی و انا امین من فی السمآء یاتینی خبر من السمآء صباحًا و مساء

(مسند الامام احمد بن حنبل ج۔۳ ص۔۴)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ تم مجھے امین نہیں سمجھتے ہو حالانکہ میں آسمان والوں کا امین ہوں، میرے پاس آسمان کی خبریں صبح و شام آتی ہیں۔

Ḥadrat Abu Sa'īd Al-Khudri رضی اللہ عنہ has quoted the Almighty Allah's Apostle ﷺ as saying: "You do not put your trust in me and yet I am the trustee of the one in the Heavens, from whom information reaches me day and night."

-*(Musnad Imām Aḥmad bin Ḥanbal V3, P4)*

عن السائب بن عبدالله

حضرت سائب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ

رضي الله عنه انه كان فيمن
بنى الكعبة فى الجاهلية
قال و كان لى حجر انا
نحته اعبده من
دون الله قال و كنت
أجئ باللبن الخاثر الذى
أنفه على نفسى فاصبه
عليه فيجئ الكلب
فيلحسه ثم يشغر
فيبول عليه قال
فبنينا حتى بلغنا موضع
الحجر ولايرى الحجر
احد فاذا هو وسط احجارنا
مثل رأس الرجل
يكاد يترايا منه وجه
الرجل فقال بطن من
قريش نحن نضعه
و قال آخرون نحن نضعه
فقالوا اجعلوا بينكم حكما
فقالوا اول رجل يطلع
من الفج فجأ رسول الله
صلى الله عليه وسلم فقالو اتاكم

سے روایت ہے اور یہ ان لوگوں میں
سے تھا جنہوں نے جاہلیت کے زمانہ
میں کعبہ تعمیر کیا تھا کہ میرے پاس ایک
پتھر تھا جس کو میں پوجا کرتا تھا، پھر میں
باسی دودھ لاتا جس سے مجھ کو نفرت
تھی۔ وہ دودھ میں اس پتھر کے بت
پر ڈالتا۔ کتا آتا اور وہ اس دودھ کو
چاٹتا اور اس پر پیشاب کر جاتا جب
ہم نے کعبہ کو حجر اسود تک تعمیر کر لیا،
لیکن حجر اسود کسی کو نظر نہ آیا۔ اچانک
وہ پتھروں کے درمیان آ گیا جیسے کہ
آدمی کا سر ہو۔ ایسا روشن تھا کہ اس
سے آدمی کا چہرہ نظر آتا۔ قریش کے ایک
گروہ نے اصرار کیا کہ حجر اسود کو اسکی
جگہ پر ہم رکھیں گے جبکہ کچھ دوسرے لوگوں
کا مطالبہ تھا کہ اسے ہم رکھیں گے۔ پھر
سب نے اتفاق کیا کہ آپس میں کوئی
منصف مقرر کریں سب نے کہا کہ جو شخص
گلی میں سے حرم میں داخل ہو حجر اسود کو وہی
رکھے تو حضور اکرم ﷺ تشریف
لائے سب نے کہا کہ تمہارے پاس امین
تشریف لائے ہیں ان سب نے عرض کی

الامين - فقالوا له فوضعه فی ثوب ثم دعا بطونهم فرفعوا نواحیه فوضعه هو ﷺ
(تاریخ ابن کثیر ج۲ ص۳۰۳)

تو آپ نے اپنی چادرِ مبارک میں حجر اسود کو رکھ کر فرمایا کہ چاروں بڑے خاندان اِس کو اُٹھالیں۔ پھر آپ نے اس کو اس کی جگہ نصب فرما دیا۔

Ḥaḍrat Sā'ib bin 'Abdullāh رضی اللہ عنہ, who was one of those who built the Holy Ka'ba during the days (period) of *Jāhiliyya* (before Islām), narrated: "I had an idol of stone which I had carved out and used to worship besides Allah the Almighty; then I used to bring some sour milk, which I disliked, and used to pour it over the idol. A dog would come, smell it, lick it and then urinate over it." He continued: "We laid the foundation of the Holy Ka'ba until we reached the height of the Black Stone (*Ḥajar Al-Aswad*). But nobody could see the Black Stone as it was under two stones, just like the human head (amidst a crowd). It was so luminous that one could see one's face in its light. A majority of the Tribe of Quraish argued that they would put the Black Stone in its place, and the others claimed that they would do it. Finally it was agreed by all that an arbiter should be appointed. They all agreed that the first person to enter the Holy Mosque from a side street should place the Black Stone in its place. It so happened that suddenly the Almighty Allah's Apostle ﷺ appeared from that street and entered the Holy Mosque. They all exclaimed that the most Trustworthy (*Al-Amīn*) had arrived and that he should put the Black Stone in its place. The Almighty Allah's Apostle ﷺ put the Black Stone on a piece of cloth. Then he called the representatives from all the four great tribes to lift the cloth. Then he put it in the right place with his own hands."

-(Tārīkh Ibn Kathīr V2, P303)

اللّٰهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الأمي وعلى آله وأصحابه

سيدنا أنجد الناس ﷺ

ہمارے سردار سب سے زیادہ شریف درود و سلام بھیجو اللہ آپ پر

Sayyidunā ANJAD-UN-NĀS ﷺ
(Our Leader
the Noblest of All People ﷺ)

عن ابن عمر رضي الله عنه قال ما رأيت احدا انجد ولا اجود ولا اشجع ولا اضوأ واوضأ من رسول الله ﷺ (سنن الدارمي ج۱ ص۳۰)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس ﷺ سے بڑھ کر نہ ہی کوئی بہادر، نہ ہی سخی، نہ ہی شجاعت والا، اور نہ ہی رونق والا چمکدار کوئی چہرہ دیکھا۔

Hadrat Ibn 'Umar رضي الله عنه has narrated: "I have not seen anyone nobler, more generous, braver, and brighter-faced than the Almighty Allah's Apostle ﷺ."
-*(Sunan Al-Dārimi V1, P30)*

عن علي رضي الله عنه قال

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کسی

له رجل اخبرني عن قريش قال اما نحن بنو هاشم فانجاد امجاد و اما اخواننا بنوامية فقادةٌ ادبة ذادة ۔
(الفائق للزمخشری ج ٢ ص ٢٦٤)

آدمی نے قریش کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے فرمایا ہم ہاشمی شجاع، بزرگ ہیں اور ہمارے بھائی بنو امیہ سپاہ سالار اور مہمان نواز اور حرم (عزت) کا دفاع کرنے والے ہیں۔

Hadrat 'Ali رضی اللہ عنہ was asked by someone to describe the Tribe of Quraish, to which he replied: "We the Hashimites are most courageous and honourable. As for our brethren, the Umayyads, they are great warriors, hospitable and defenders of honour."
-*(Al-Fā'iq by Zamakhshari V2, P264)*

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الأمي وعلى آله وأصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك ...

سَيِّدُنَا أَنْعُمُ اللّٰهِ ﷺ

ہمارے سردار — اللہ کا اِنعام — درود وسلام بھیجئے اللہ آپ ﷺ پر

Sayyidunā AN'UM-ULLAH ﷺ
(Our Leader the Favour from Allāh ﷺ)

إشارة إلى قوله ،

" لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ "

(سورة آل عمران ١٦٤)

اِشارہ ہے اِس آیت کی طرف:

" حقیقت میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر احسان کیا جبکہ ان میں ان ہی کی جنس سے ایک ایسے پیغمبر کو بھیجا کہ وہ ان لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں اور ان لوگوں کی صفائی کرتے رہتے ہیں اور ان کو کتاب اور حکمت کی باتیں بتلاتے رہتے ہیں۔ بالیقین یہ لوگ قبل سے صریح غلطی میں تھے۔"

Reference to the *Holy Qur'ān*:

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ
آمين آمين آمين يا رب العالمين

Allah did confer
A great favour
On the Believers,
When He sent among them
An Apostle from among
Themselves, rehearsing
On to them the signs
Of Allah, purifying them,
And instructing them
In Scripture and Wisdom,
While, before that,
They had been
In manifest error.
-(Āl-'Imrān 3:164)

وإشارة الى قوله:
فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ
بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ
وَّلَا مَجْنُوْنٍ ۝ (سورة الطور ٢٩)

اور اِشارہ ہے اِس آیت کی طرف،
"تو آپؐ نصیحت فرمائیں کیونکہ
آپؐ اپنے ربّ کی نعمت سے
نہ کاہن ہیں نہ مجنون۔"

Reference to the *Holy Qur'ān*:

Therefore proclaim thou
The praises (of thy Lord)
For by the Grace
Of thy Lord, thou art
No soothsayer, nor
Art thou one possessed.
-(At-Tūr 52:29)

وَ اَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ
فَحَدِّثْ ۝ (سورة الضحى ١١)

اور اپنے ربّ کی نعمت کا خُوب
چرچا کریں۔

Reference to the *Holy Qur'ān*:

But the Bounty
Of thy Lord --
Rehearse and proclaim!
-*(Ad-Ḍuḥa 93: 11)*

(انعم الله) بفتح الهمزة وضم المهملة جمع نعمة فى الاصل وهى الإحسان وسمى بذلك لانه نعمة من الله تعالىٰ على عباده وبعثته رحمة لهم، وحصل بوجوده للخلق نعم كثيرة منها الإسلام والإنقاذ من الكفر والامن من الخسف۔

(سبل الهدیٰ ج۱۔ ص۵۳۸)

انعم اللہ ہمزہ کی فتح کے ساتھ اور عین کے ضمہ کے ساتھ اصل میں نعمت کی جمع ہے اور وہ احسان کرنا ہے۔ آپؐ کا اِسمِ گرامی اِس لیے رکھا گیا کیونکہ آپؐ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے بندوں پر نعمت ہیں اور آپؐ کو اس نے لوگوں کی رحمت کیلئے بھیجا ہے اور آپؐ کے وجود کی برکت سے لوگوں کو بڑے زیادہ انعام حاصل ہوئے ہیں، ان میں ایک تو اسلام ہے اور دوسرا کفر سے بچنا اور تیسرا زمین میں دھنس جانے سے امان ہے۔

The word *An'um-ullāh* with the short vowel *fatḥa* (*a*) on the *hamza*, with *Nūn* unpointed and the short vowel *ḍamma* (*u*) on the *'Ain*, is, in fact, the plural of *Ni'ma*, which means the 'bounty' or 'blessing' of Allah the Almighty. And the Almighty Allah's Apostle ﷺ was so called because he is a favour bestowed upon the Believers by Allah the Almighty. He ﷺ was sent as a Mercy to them. By virtue of his existence all things created have received many blessings, among them being Islam, the protection from disbelief and relief from sinking down in earth.
-*(Subul Al-Hudā V1, P538)*

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الامي وعلى اله واصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك

سیدنا أنفس ﷺ

ہمارے سردار نفیس ترین ہستی درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā ANFAS ﷺ
(Our Leader
the Most Precious, Refined ﷺ)

وَ أنفس افعل من
النفاسة وهي الشرف
والعلو والعز ومنه
در نفيس اى عزيز المثل
والجمهور ان المخاطب
بهذه الآية العرب، واذا
كان ﷺ انفسهم
كان انفس الخلق لانهم
افضل من غيرهم ولكن
انما فضلهم برسول
الله ﷺ لكونه

اور انفس نفاست سے اسم تفضیل
کا صیغہ ہے۔ اس سے مراد شرف
اور بلندی اور عزت ہے۔
دُرِّ نفیس: نفیس لعل یعنی
جس لعل کا مثل نہ ملے۔ جمہور کا مذہب
ہے کہ اس آیت سے مراد عرب
ہیں اور جب حضور اقدس ﷺ
تمام مخلوق سے نفیس تر ہیں، اس لحاظ
سے عرب بھی نفیس جہان کے ہوئے
لیکن عرب کی فضیلت حضور اقدس
ﷺ کی وجہ سے ہے کیونکہ آپ

منهم قال الشاعر:
" وكم اب قد علا
بابن ذرى شرف
كما علت
برسول الله عدنان "
(سبل الهدیٰ ج۱ص۵۳۸)

ان میں سے ہیں۔شاعر کہتا ہے:
کتنے باپ ہیں جو اپنی اولاد کے
سبب بلند مرتبہ ہو گئے جس طرح
حضور اقدس ﷺ کی وجہ سے
عدنان کا مرتبہ بلند ہو گیا۔

The word *Anfas* is the superlative form associated with the word *Nafāsa* which means highness, glory and honour. From the same root there is the phrase: *Durr Nafis* (precious pearl), i.e. unique in quality. Most of the scholars agree that this Verse (*Laqad jā'akum rasūlun min anfusikum*....(alternative reading *Anfasikum*) 9:128) applies to the Arabs. As the Almighty Allah's Prophet ﷺ is the finest among them (i.e. Arabs), then he is the finest of all mankind, since the Arabs are finer than the rest. Indeed the Arabs are only great by virtue of the Holy Prophet ﷺ being among them (and by virtue of his line of descent).

A poet has aptly said: " Many parents have become prominent through the excellence of their sons, like the 'Adnān Tribe who became glorious through the (excellence of the) Holy Prophet ﷺ."
-(Subul Al-Hudā V1, P538)

و فی المحتسب لابن
الجنیّ انها قراءة عبد الله
ابن قسط المكیّ ومعناها
علی المنح من خیاركم
واشرفكم ومنه قولهم
هو من انفس المتاع

اور علامہ ابن الجنی کی المحتسب میں
ہے کہ اَنفَسِکُمْ کی قرأت قاری
عبداللہ بن قسط المکی رحمۃ اللہ علیہ سے
منقول ہے جس کا معنیٰ فا کے فتح پر
یہ ہوگا کہ تم میں بہترین اور زیادہ شریف
ہیں۔عرب کا قول ہے " هُوَ مِنْ

اى اجوده وخياره ومنه المنافسة وهى اشتداد الرغبات فى امر يقتضى التحاسد عليه والغبطة .... وروتها فاطمة رضي الله عنها عنه صلى الله عليه وسلم وانفس على الفتح افعل تفضيل -

(نسيم الرياض ج ۱ ص ۸۱)

اَنْفَسِ الْمَتَاعِ" (وہ قیمتی سرمایہ ہے یعنی مضبوط اور بہترین سرمایہ ہے۔ اور اس سے اَلْمُنَافَسَۃُ ہے جس کا معنٰی یہ ہے کہ ایسا اونچا مقام جس پر حسد اور رشک کیا جا سکتا ہو۔ اور یہ قرأت حضرت فاطمہ خاتونِ جنت رضی اللہ عنہا سے بھی منقول ہے اور اَنْفَس، فا کی فتح کے ساتھ اسمِ تفضیل کا صیغہ ہے۔

'Allama Ibn al-Jinni رحمۃ اللہ علیہ writes in his *Al-Muhtasib* that the reading by Ibn Qist al-Makki رحمۃ اللہ علیہ, with short vowel *fatha* (on the *fā'*) i.e. *Anfasikum*, means "the best and noblest one among you." There is an Arab saying: *Huwa min anfas il-Matā'*, which means 'it is the most refined of goods.' Also derived from it is the word *Al-Munafasa*, meaning a lofty position, enviable and coveted

Hadrat Fatima رضی اللہ عنہا has also reported this word from the Holy Prophet ﷺ as *Anfas*, with *fatha* on the *fa'* and is in the superlative.

-(*Nasim Al-Riyād V1, P81*)

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الأمي وعلى آله وأصحابه

سيدنا أنفس العرب ﷺ

ہمارے سردار عرب کے نفیس ترین درود و سلام بھیجیے آپ پر

Sayyidunā ANFAS UL-‘ARAB ﷺ
(Our Leader the Finest of All Arabs ﷺ)

قال الله تعالى :

"لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ" على قراءة الفتح، وقد روى الحاكم عن ابن عباس رضي الله عنهما أن رسول الله ﷺ قرأ (أَنفَسِكُمْ) بفتح الفاء اى من اعظمكم قدرا (سبل الهدى ج ۱ ص ۵۳۹)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "بے شک تمہارے پاس ایک عظیم پیغمبر آئے" اَنْفَسِکُمْ کی فا پر فتح کے ساتھ اور امام حاکم "المستدرک" میں ابنِ عباس سے مروی ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے یہ آیت مبارکہ (یعنی اَنْفَسِکُمْ) فا کی فتح کے ساتھ پڑھی ہے یعنی تم سب میں مرتبے کے لحاظ سے عظیم۔

Reference to the *Holy Qur’ān*:

Now hath come unto you an Apostle ﷺ
From amongst yourselves (*anfusikum*).
-(At-Tawbah 9:128)

The word *anfusikum* in the above Verse is read

anfasikum, with the short vowel *fatḥa* on the *fā'* (as an alternative). Imām Ḥākim رحمۃ اللہ علیہ has reported (in his book *Al-Mustadrik*) on the authority of 'Abdullāh Ibn 'Abbās رضی اللہ عنہما, who said that the Almighty Allah's Apostle ﷺ has also recited this word as *Anfasikum*, with the short vowel *fatḥa* on the *fā'*, to mean "the greatest among you in rank".

-*(Subul Al-Hudā V1, P538)*

عن انس رضی اللہ عنہ قرأ رسول اللہ ﷺ (لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ أَنْفَسِكُمْ) بفتح الفاء وقال، أنا انفسكم نسبا وصهرا وحسبا، ليس فی آبائی من لدن آدم سفاح كلنا نكاح۔ (رواہ ابن مردویہ)

(سبیل الھدیٰ ج ۱، ص ۲۷۷)

حضرت انس سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے آیت مبارکہ لقد جاء کم رسول من انفسکم ف کی فتح کے ساتھ پڑھی اور فرمایا میں تم میں حسب نسب اور سسرالی رشتوں کے اعتبار سے بزرگ ترین ہوں اور میرے باپ دادوں میں آدم علیہ السلام سے لیکر بدکاری نہیں پائی گئی، ان میں نکاح چلا آیا ہے۔

Ḥadrat Anas رضی اللہ عنہ has said that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ recited this Verse (9:128) with the short vowel *fatḥa* on the *fā'* i.e. *Anfasikum*, and declared: "I am the finest of all of you in family, lineage as well as in marital relations. Since Ḥadrat Adam علیہ السلام none in my family has indulged in the sin of adultery or fornication, all of them have been honourably married."

-*(Narrated by Ibn Mardawiyya, Subul Al-Hudā V1, P277)*

و اما شرف نسبه وكرم بلده ومنشئه

اور آپ کے نسب کی شرافت اور آپ کے شہر کی عظمت اور یہیں

فما لا یحتاج الی اقامة دلیل علیه ولا بیان مشکل ولاخفی منه فانه نخبة بنی هاشم وسلالة قریش وصمیمها واشرف العرب و اعزهم نفرا من قبل ابیه و امه و من اهل مکة من اکرم بلاد الله علی الله و علی عباده۔

(الشفاء للقاضی عیاض ج ۱ ص ۴۷)

آپؐ کی پیدائش، یہ وہ چیزیں ہیں جو دلیل قائم کرنے کی محتاج نہیں ہیں اور نہ ہی یہ کوئی مشکل اور پوشیدہ بیان ہے کیونکہ آپؐ تو بنی ہاشم کے اصل جوہر ہیں اور قریشیوں کے اصل نچوڑ اور بہترین سپوت ہیں۔ عرب کی شریف ترین اور ماں باپ کی طرف سے معزز ترین ہستی ہیں، اور آپؐ اہل مکہ سے ہیں جو دنیا کے تمام شہروں میں اللہ اور اس کے بندوں کے نزدیک سب سے بزرگ شہر ہے۔

Concerning the noble descent of the Holy Prophet Muḥammad ﷺ, the pre-eminence of his city, and of his birth therein, there need be no debate, nor is it a secret or an incomprehensible statement, because he is the essence of Banu Hāshim; cream of the Tribe of Quraish; the noblest offspring and the most honourable, by virtue of his parents and of being an inhabitant of the Holy City of Makkah, which is for Allah the Almighty and His servants, the holiest of all cities.

-(Al-Shifā' by Qāḍi 'Iyād V1, P47)

سیدنا أنفع الناس صلى الله عليه وسلم

ہمارے سردار سب سے زیادہ نفع رساں درود وسلام بھیجو ان پر

Sayyiduna ANFA'-UN-NĀS صلى الله عليه وسلم (Our Leader the Most Beneficial to All Mankind صلى الله عليه وسلم)

و كان أرأف الناس بالناس وخير الناس للناس وأنفع الناس للناس۔

(احیاء العلوم للغزالی ج ۲ - ص ۳۶۳)

اور حضور اقدس صلى الله عليه وسلم عوام الناس کے ساتھ تمام لوگوں سے زیادہ شفیق تھے اور تمام لوگوں سے زیادہ بھلائی کرنے والے تھے اور تمام لوگوں سے زیادہ نفع دینے والے تھے۔

The Almighty Allāh's Apostle صلى الله عليه وسلم was the most affectionate of people towards people, most virtuous, and the most beneficial to them.

-(Iḥyā' Al-'Ulūm Al-Dīn by Al-Ghazali V2, P363)

قال زين العراقي في تخريج الاحياء هذا من

زین العراقی نے احیاء العلوم کی تخریج میں بیان کیا ہے کہ حضور اکرم

المعلوم و روینا فی الجزء الاول من فوائد ابی الدحداح من حدیث علیؓ فی صفة النبی ﷺ کان ارحم الناس بالناس ۔الحدیث بطولہ
(تخریج احیاء العلوم للغزالی ج ۲ ۔ ص ۳۶۳)

ﷺ لوگوں سے زیادہ نفع رساں تھے تو معلوم ہی ہے اور ہمیں ابوالدحداح کی فوائد جزء الاول میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی یہ روایت ملی ہے: کہ حضور اقدس ﷺ تمام لوگوں سے زیادہ لوگوں پر رحم فرمانے والے تھے۔

Zain Al-'Irāqi, while commenting on the *Ihyā'*, says: "It is well known, and we narrate it as mentioned in Volume 1 of *Fawaid* by Abu'l Dahdāh in a *Hadīth* originating from Hadrat 'Ali رضی اللہ عنہ, who described the Almighty Allah's Prophet ﷺ thus: 'He ﷺ was the kindest of all people to people.'"

- *(Commentary on Ihyā' Al-'Ulūm Al-Dīn by Al- Ghazālī V2, P363)*

اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا حبیبک محمد النبی الامی

سیدنا الانوار المتجرد ﷺ

ہمارے سردار　خالص نور　درود وسلام بھیجیے ان پر

Sayyidunā
AL-ANWĀR-UL-MUTAJARRADU ﷺ
(Our Leader, the Purest Light ﷺ)

ای المشرق والمتجرد بفتح الراء کل ما یتجرد عنہ من بدنہ فیری۔ (سبل الہدیٰ ج۱ ص۵۳۸)

یعنی چمکنے والے نور۔ اور المتجرّد راکے فتح کے ساتھ جسم کا وہ حصہ جو لباس سے خالی ہو اور نظر آئے۔

It means brilliant and glittering light and by *al-Mutajarrad* (with the latter having short vowel *fatḥa (a)* on the *rā'*) is meant the bare part of body which is (clearly) seen.
-*(Subul Al-Hudā V1, P538)*

عن کعب الاحبار قال لما اراد اللہ سبحانہ وتعالیٰ ان یخلق محمدا ﷺ امر جبریل ان یاتیہ بالطینۃ

حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک نے حضرت محمد ﷺ کو پیدا کرنے کا ارادہ فرمایا تو حضرت

التی هی قلب الارض وبهاؤها
و نورها فهبط جبریل
فی ملائکة الفردوس وملائکة
الرفیق الاعلی فقبض قبضة
رسول الله ﷺ من موضع
قبره الشریف وهی بیضاء نیرة
فعجنت بماء التسنیم فی معین
انهار الجنة حتی صارت کالدرة
البیضاء لها شعاع عظیم ثم طافت
بها الملائکة حول العرش و
الکرسی والسموٰت والارض
فعرفت الملائکة محمدا ﷺ
قبل ان تعرف اٰدم اباالبشر
ثم کان نور محمد ﷺ یری
فی غرة جبهة اٰدم وقیل له
یا اٰدم هذا سید ولدک من
المرسلین فلما حملت حواء
بشیث انتقل النور عن
اٰدم الی حواء وکانت تلد فی
کل بطن ولدین الا
شیثا فانها ولدته وحدة
کرامة لمحمد ﷺ

جبریل علیہ السلام کو حکم دیا کہ زمین کے
دل سے نور اور رونق والی مٹی لائے
حضرت جبریل علیہ السلام فردوس کے
فرشتوں اور رفیق الاعلیٰ کے فرشتوں کو
لے کر نازل ہوئے اور انھوں نے
حضور اقدس ﷺ کے روضہ مبارک
سے ایک مٹی کی مٹھی بھری جو سفید
روشن تھی۔ وہ جنت کی نہروں میں
سے تسنیم چشمے سے گوندھی گئی حتیٰ
کہ وہ سفید سچے موتی کی طرح ہو گئی
جس میں سے نور کی لاٹیں نکل رہی
تھیں پھر اس کو فرشتوں نے عرش
اور کرسی اور آسمانوں اور زمینوں کے
گرد طواف کرایا تو فرشتوں نے
حضرت محمد ﷺ کو حضرت
آدم علیہ السلام سے پہلے پہچان لیا،
پھر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا
نور حضرت آدم علیہ السلام کی پیشانی
میں سفید نظر آتا تھا اور ان کو کہا گیا کہ
اے آدمؑ یہ تیری اولاد کے پیغمبروں
میں سے سردار ہیں۔ پھر جب حضرت حوّاؑ
حضرت آدمؑ سے حضرت شیثؑ کی بابت

ثم لم یزل النور ینتقل من طاھر الی طاھر الی ان ولد ﷺ

(الوفا لابن الجوزی ج ۱ - ص ۳۴ و شرح المواھب ج ۱ ص ۳۲ و سبل الھدی ج ۱ ص ۹)

حاملہ ہوئیں تو حضرت آدم کا نور حضرت حواء کو منتقل ہو گیا اور وہ ہر مرتبہ دو بچے جنتی تھیں مگر حضرت شیث علیہ السلام کو بوجہ کرامت حضرت محمد ﷺ ایک ہی جنا، پھر وہ نور ہمیشہ پاک سے پاک کو منتقل ہوتا رہا حتے کہ حضرت محمد ﷺ پیدا ہوئے

Ḥadrat Ka'b Al-Aḥbār رضی اللہ عنہ said: "When Allah the Almighty, the One and Only, decided to create the Holy Prophet Muḥammad ﷺ, He told the Archangel Gabriel علیہ السلام to bring a lump of clay from the heart of the earth, luminous and magnificent. The Archangel Gabriel علیہ السلام, along with the angels of the highest heavens and of the highest power of all, gathered a lump of clay from the land, which was to become the Holy Prophet Muḥammad's (ﷺ) blessed grave.

The clay was brilliant white and kneaded with the streams of paradise and the spring of *Tasnīm* (heavenly drink), until it had become like a white pure pearl which emitted rays of sparkling light. Then the angels circled with it around the Throne in the highest heaven and between the skies and the earth.

So the angels knew of the Holy Prophet Muḥammad ﷺ even before Ḥadrat Ādam علیہ السلام, the forefather of humanity. The light of the Holy Prophet Muḥammad ﷺ could clearly be seen on the forehead of Ḥadrat Ādam علیہ السلام and he was told: "O Ādam علیہ السلام! The Holy Prophet Muḥammad ﷺ is the leader of all the Prophets from amongst your children.

When Ḥadrat Ḥawwā' (Eve) ÅßnªABÈÎ¼§ conceived Ḥadrat Shīth علیہ السلام from Ḥadrat Ādam علیہ السلام, the

light of Ādam عليه السلام was transferred into Eve. Before this she had delivered twins in every delivery. But when she gave birth to Ḥaḍrat Shīth عليه السلام it was a single delivery, (a miracle) in honour of the Holy Prophet Muḥammad ﷺ.

Then the light kept passing from one purified soul to another until the Holy Prophet Muḥammad ﷺ was born."

-(Al-Wafā' by Ibn Al-Jawzi V1, P34; Sharḥ Al- Mawāhib V1, P42; Subul Al-Hudā V1, P90)

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الأمي وعلى آله وأصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك

[illegible]

سَيِّدُنَا الأَوَّاهُ صلى الله عليه وآله وسلم

ہمارے سردار — بہت رجوع کرنے والے — درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā AL-AWWĀHU صلى الله عليه وسلم (Our Leader, the Most Devoted To Allah صلى الله عليه وسلم)

عن ابن عباس رضي الله عنهما
ان رسول الله صلى الله عليه وسلم
كان يدعو رب اعني
ولا تعن علي وانصرني
ولا تنصر علي وامكر لي
ولا تمكر علي واهدني
ويسر الهدى إلي
وانصرني على من بغى
علي رب اجعلني لك
شكارا لك ذكارا لك
رهابا لك مطواعا اليك

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے
روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم
دعا فرمایا کرتے تھے اے میرے رب!
میری امداد فرما اور مجھ پر کسی کی امداد نہ
فرما، مجھے فتح عطا فرما اور میرے اوپر
کسی کو فتح نہ دے اور مجھے تدبیر سمجھا اور
مجھ پر کسی کو تدبیر نہ سمجھا اور مجھے ہدایت
فرما اور میرے لیے ہدایت کو آسان فرما جو
مجھ پر ظلم کرے اس پر میری امداد فرما۔ اے
میرے رب مجھے اپنا شکر گزار بنا، اپنا یاد کرنے
والا اور ڈرنے والا بنا دے، اپنی طرف

مخبتاً لك اواهاً منيباً	مطیع فرما، اپنے لیے رجوع کرنیوالا
رب تقبل دعوتی	بنا، گڑگڑانے والا، جھکنے والا بنا، اے
واغسل حوبتی واجب	میرے رب! میری دُعا قبول فرما
دعوتی و ثبت حجتی	میرے گناہوں کو دھو دے، میری دعا
واهد قلبی وسدد	کو قبول فرما اور میری دلیل کو ثابت کر
لسانی و اسلل سخیمة قلبی.	میرے دل کو ہدایت دے، میری
(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۱ ص ۲۲۷)	زبان کو سیدھی رکھ اور میرے دل کی
	میل کو دور کر دے۔

Hadrat Ibn 'Abbās رضی اللہ عنہ has narrated that our most beloved Prophet Muhammad ﷺ used to pray: "My Lord! Help me and favour not anyone against me. Grant me victory and do not grant others victory over me. Teach me how to plan and let not others plan against me. Guide me, and make Your guidance easy for me (to follow). Protect me from those who intend to bring harm against me. O my Sustainer, make me grateful to, fearful of and subservient to You. Make me remember You. Make me devoted to You always, beseeching and bowing before You in humility. O my Sustainer! Accept my supplication. Wash away my sins, My Lord! Answer my prayers; and make firm my standpoint. Guide my heart, make my words straightforward (correct and to the point), and remove impurities from my heart."

-(*Musnad Imam Aḥmad bin Ḥanbal V1, P227*)

الاواه بتشديد الواؤ	الاوّاہ واؤ کی شد کے ساتھ اسکے
وقد اختلف فی معنی	معنوں میں کئی مختلف اقوال ہیں.
الاواه علی اقوال حاصلها	جن کا حاصل یہ ہے کہ آپ خشوع
انه الخاشع المتضرع فی	کرنے والے، گڑگڑانے والے دعا میں

الدعاء المؤمن التواب والموقن المنيب الحفيظ بلا ذنب المسبح المستغفر بلا خطاء الحليم الرحيم المطيع المستكن الى الله تعالیٰ الخائف الوجل الذاکر التالی للقرآن وهو ﷺ متصف بجميع ذلك ۔ (سبل الهدیٰ ج ۱ ص ۵۳۸)

ایمان والے، توبہ کرنے والے اور یقین کرنے، رجوع کرنے، حفاظت کرنیوالے بغیر گناہ کے تسبیح کرنے والے، بخشش طلب کرنے والے بغیر خطا کے، بردبار، مہربان، مطیع، عاجزی کرنے والے اللہ کی طرف، ڈرنے والے خوف کھانے والے، قرآن کو پڑھنے والے، ذکر کرنے والے۔ آپؐ تمام اوصاف کے ساتھ متصف ہیں۔

The meaning of *Al-Awwāh* with *Shadda* on *wāw* (doubling of the letter) has been explained in different ways. In sum it is thus: *Awwâh* is he who is most God-fearing; humble in prayers; firm in his faith, most repenting; oft-returning to Allah; heedful and sinless. He is in constant praise of Allah the Almighty, seeking His forgiveness yet not having sinned or erred. He is tolerant, kind, obedient, fearful, and awe-stricken before Allah the Almighty. He is the one who recites the Holy Qur'ān and remembers Allah the Almighty often. Indeed, it is Muhammad ﷺ who has all these qualities.

-(Subul Al-Hudā V1, P538)

سَيِّدُنَا الْأَوْسَطُ صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار انصاف کرنے والے درود وسلام بھیجئے ان پر

Sayyidunā AL-AWSAṬU ﷺ
(Our Leader the Most Moderate ﷺ)

إشارة إلى قوله :

"وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ أُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ" سورة البقرة ١٤٣

اشارہ ہے اس آیت کی طرف:

"اور ہم نے تم کو انصاف والی اُمت بنا دیا تاکہ تم مخالف لوگوں کے مقابلہ میں گواہ رہو۔"

Reference to the *Holy Qur'ān*:

Thus have We made of you
An *Ummah* justly balanced,
That ye might be witnesses
Over the nations ....
-(Al-Baqarah 2:143)

العادل او الخيار من كل شئ ويرحم الله تعالى القائل: يا اوسط الناس طرًّا في تفاخرهم

الاوسط کا معنی انصاف کرنے والا۔ یا ہر چیز کا عمدہ ترین حصہ اور اللہ اس کہنے والے پر رحم فرمائے۔

وَفِيْ تَفَاضُلِهِمْ يَا أَشْرَفَ الْعَرَبِ	اے فخر اور فضیلت میں بہترین
وقد وصف الله تعالى امته	انسان اور اے اشرف العرب!
ﷺ بذلك فقال	اللہ تعالیٰ نے آپکی امت کو وسط فرمایا ہے
(وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا)	"وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ اُمَّةً وَّسَطاً"
اى عدولا خيارا و أهل دين	یعنی انصاف والی اور بہترین اور ایسے
وسط بين الغلو والتقصير.	دین والی جو غلوّ اور تنقیص سے مبرّا ہو
(سبل الهدى ج ١ ص ٥٣٨/٣٩)	

Al-Awsaṭ means one who is just, (most moderate, i.e. one who adopts the middle course) or makes the best judgement in all matters. It also means the best (selected; central part). May Allah the Almighty bless the one who said this in praise of the Holy Prophet ﷺ:

"O the most moderate of all people without exception, surpassing all who live with each other in excellence and those who rival each other in precedence. You are indeed the most exalted of all Arabs!"

Similarly Allah the Almighty has described his (ﷺ) *Ummah* as being the most balanced and just, saying: "Thus have We made of you an *Ummah* justly balanced". That is, the outstanding *Ummah*, of equitable composition, that is well-balanced and avoids extremes.

-*(Subul Al-Hudā V1, P538 & 539)*

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة الا بالله

سيدنا أوصل الناس صلى الله عليه وسلم

ہمارے سردار تمام لوگوں سے زیادہ صلہ رحمی کرنے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyıdunā AWṢAL-UN-NĀS صلى الله عليه وسلم
(Our Leader the Best Maintainer of Good Kinship Relations صلى الله عليه وسلم)

عن عبدالمطلب بن
ربيعة بن الحارث رضي الله عنه
قال اجتمع ربيعة بن
الحرث و العباس بن
عبدالمطلب فقال والله لو
بعثنا هذين الغلامين
(قال لى و للفضل بن عباس)
الى رسول الله صلى الله عليه وسلم
فكلماه فامرهما على هذه
الصدقات فاديا ما يؤدى
الناس و اصابا مما يصيب

حضرت عبدالمطلب بن ربیعہ بن حارث
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، ان کا
بیان ہے کہ ربیعہ بن حارث اور عباس
بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما ایک جگہ
اکٹھے ہوئے۔ ربیعہ نے کہا خدا کی قسم،
اگر ہم دو لڑکوں کو یعنی مجھے اور فضل بن
عباس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت
میں بھیجیں اور وہ دونوں آپ سے
بات کریں اور آپ ان دونوں کو صدقوں
پر تحصیلدار مقرر کر دیں وہ دونوں وہ چیز
ادا کریں جو لوگ ادا کرتے ہیں اور وہ

الناس قال فبينما هما
في ذلك جاء علي بن ابي
طالب ؓ فوقف عليهما فذكرا له
ذلك فقال علي رضي الله عنه
لا تفعلا فوالله ما هو
بفاعل فانتحاه ربيعة بن
الحرث فقال والله ما
تصنع هذا الا نفاسة
منك علينا فوالله لقد
نلت صهر رسول الله
ﷺ فما نفسناه
عليك قال عليؓ ارسلوهما
فانطلقا واضطجع عليؓ
قال فلما صلى رسول الله
ﷺ الظهر سبقناه
الى الحجرة فقمنا عندها
حتى جاء فاخذ باذاننا ثم
قال اخرجا ما تصرران ثم
دخل و دخلنا عليه وهو
يومئذ عند زينب بنت جحش
ثم تكلم احدنا فقال
يا رسول الله ﷺ

حاصل کریں جو لوگ حاصل کرتے ہیں۔
ان کی یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ حضرت
علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ تشریف
لائے اور کھڑے ہو گئے، ان دونوں
نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہی بات
کہی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا
ایسا مت کرو، خدا کی قسم حضور اقدس
ﷺ ان کو تحصیلدار مقرر نہیں کرینگے
لیکن ربیعہ بن حارث نے حضرت علی
رضی اللہ عنہ کو جواب دیتے ہوئے کہا خدا کی قسم تم
نے یہ بات ہمارے ساتھ حسد کے باعث کی ہے
تم حضرت ﷺ کے داماد بن گئے ہو لیکن اللہ کی قسم
ہم تم پر حسد نہیں کرتے حضرت علی رضی اللہ عنہ
نے فرمایا اچھا انکو بھیج دو، پس ہم دونوں گئے
اور حضرت علی رضی اللہ عنہ لیٹ گئے جب
حضور ﷺ نے ظہر کی نماز ادا کی
تو ہم دونوں آپ سے ملنے کیلیے حجرہ مبارک
پر پہنچ گئے حتیٰ کہ حضور اکرم ﷺ
تشریف لائے اور حضور ﷺ
نے ہمارے کانوں کو پکڑا اور فرمایا نکالو
جو تم پوشیدہ رکھتے ہو پھر حضور ﷺ
اندر چلے گئے اور ہم بھی اندر داخل ہوئے

انت ابر الناس واوصل
الناس وقد بلغنا النكاح
فجئنا لتؤمرنا على
بعض هذه الصدقات
فنؤدي اليك كما
يؤدي الناس ونصيب
كما يصيبون قال
فسكت طويلا حتى
اردنا ان نكلمه قال
وجعلت زينب تلمع
الينا من وراء الحجاب
ان لا تكلماه قال
ثم قال ان الصدقة
لاتنبغي لآل محمّد
ﷺ انما هي
او ساخ الناس ادعوا
لي مَحْمِيَة (و كان
على الخمس) ونوفل بن
الحارث بن عبد المطلب
قال فجاءاه فقال
لمحمية انكح هذا
الغلام ابنتك (للفضل

اور آپؐ اس دن زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا
کے ہاں تھے۔ پس ہم نے آپؐ سے
بات چیت کی۔ پھر ہم میں سے ایک
بولا اور عرض کیا کہ اے اللہ کے رسولؐ!
آپ ﷺ تو لوگوں کے ساتھ
بہت بھلائی کرنے والے ہیں اور آپؐ
بڑے صلہ رحم ہیں اور ہم جوان ہو گئے
ہیں اور اس لیے حاضر ہوئے ہیں تاکہ
آپؐ ہمیں ان صدقات پر تحصیلدار مقرر
کر دیں جو لوگ ادا کرتے ہیں ہم بھی ادا
کریں گے اور جو لوگ حاصل کرتے ہیں ہم
بھی حاصل کریں۔ آپ ﷺ
بہت دیر تک خاموش رہے حتیٰ کہ ہم نے
ارادہ کیا کہ آپؐ سے پھر بات کریں
اور حضرت زینب رضی اللہ عنہا پردے
کے پیچھے سے ہمیں اشارہ فرما رہی
تھیں کہ آپؐ سے بات نہ کرنا۔ پھر
حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا
صدقہ محمد (ﷺ) کی آل کے لیے
حلال نہیں ہے یہ تو لوگوں کی میل کچیل
ہے۔ محمیہؓ کو میرے پاس بلاؤ، وہ
خمس پر منشی مقرر تھے اور نوفل بن حارث

ابن عباس) فانکحه وقال لنوفل بن الحرث انکح هذا الغلام ابنتك (لی) فانکحنی وقال لمحمية اصدق عنهما من الخمس کذا وکذا۔

(الصحیح لمسلم ج ا۔ ص ۳۴۴)

بن عبدالمطلب کو بلالاؤ۔ وہ دونوں آپ کے پاس آئے تو آپ نے محمیہ کو فرمایا کہ اس لڑکے (یعنی فضل بن عباس) کا نکاح اپنی بیٹی سے کردو۔ اس نے نکاح کردیا اور نوفل بن حارث کو فرمایا کہ اس لڑکے کا نکاح اپنی بیٹی سے کردے، اس نے میرا نکاح اپنی بیٹی سے کردیا اور آپ نے محمیہ کو یہ بھی فرمایا کہ خمس کے مال سے ان دونوں کا اتنا اتنا حق مہر ادا کردو۔

'Abd al-Muṭṭalib bin Rabī'a bin Ḥārith رضی اللہ عنہ has reported that Rabī'a bin Al- Ḥārith رضی اللہ عنہ and 'Abbās bin 'Abdul-Muṭṭalib رضی اللہ عنہ gathered together and Rabi'a رضی اللہ عنہ said: "By Allah the Almighty, if we had sent these two young boys, (i.e. Fadl bin 'Abbās and myself) to the Messenger of Allah the Almighty ﷺ, and had they spoken to him, he would have appointed them as the collectors of the *Ṣadaqāt*. Thus they would collect the *Ṣadaqāt* for the Holy Prophet ﷺ, paying as other people pay and taking their share from them, as do other people (who collect)."

As they were talking about it, Ḥadrat 'Ali bin Abu Ṭālib رضی اللہ عنہ appeared. He stopped alongside them and they made mention of it to him. Ḥadrat 'Ali bin Abu Ṭālib رضی اللہ عنہ said: "I advise you not to do that; by Allah the Almighty the Holy Prophet ﷺ would not do that (i.e. accept your request)."

Rabi'a bin Al- Ḥarith رضی اللہ عنہ turned to him and said: "By Allah the Almighty, you are only saying this because of your rivalry against us. By Allah the Almighty, you became the son-in-law of the Messenger of Allah the Almighty ﷺ, but we were not jealous

of you (for this great privilege)." Ḥadrat 'Ali رضي الله عنه said: "Very well! Send them along."

They set out and Ḥadrat 'Ali رضي الله عنه took a siesta. When the Messenger of Allah the Almighty ﷺ had offered the noon prayer, we went before him to his apartment and stood nearby until he came along. He took hold of our ears (out of love and affection) and said: "Come out with what you have kept in your hearts." Then he entered and we followed behind him.

He ﷺ was on that day in the house of Ḥadrat Zainab bint Jaḥsh (the Holy Prophet's wife) رضي الله عنها. We urged each other to speak. Then one of us spoke out: "O the Holy Prophet of Allah the Almighty ﷺ! You are the most pious of mankind and the best to cement the ties of blood-relations. We have reached the marriageable age. We have come to you so that you might appoint us as collectors of the *Sadaqāt*. We would pay you just as the people (other collectors) pay you, and take our share as others do."

The Holy Prophet ﷺ kept silent for such a long time that we felt we should speak to him again. Ḥadrat Zainab رضي الله عنها began to point to us from behind the curtain, advising us not to talk to him any more.

The Holy Prophet ﷺ said: "It is not desirable for the family of Muḥammad ﷺ to accept *Ṣadaqāt,* for they are the impurities of people. Send for Maḥimya, the man in-charge of *khums* (i.e. the one-fifth that goes to the treasury from the spoils of war which it is for Allāh, the Apostle ﷺ and charitable purposes), and Naufal bin Ḥārith bin 'Abd al-Muṭṭalib."

They both came to him and the Holy Prophet ﷺ said to Maḥmiya: "Marry your daughter to this young man (i.e. Faḍl bin 'Abbas رضي الله عنه)."

And he married her to him.

The Almighty Allah's Prophet ﷺ said to Naufal bin Ḥārith رضي الله عنه: "Marry your daughter to this young man (pointing to me i.e. 'Abd al-Muṭṭalib bin Rabi'a رضي الله عنه, the narrator of this *Hadīth*)." He agreed to this.

The Almighty Allah's Prophet ﷺ said to Maḥmiya: "Pay so much *mahr* (dowry) on behalf of both of them from this *khums*."
-(Ṣaḥīḥ Muslim V1, P344)

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما
قال هرقل لابی سفیان
ماذا یأمرکم قلت یقول
اعبدوا الله وحده ولا
تشرکوا به شیئا واترکوا
مایقول اٰباؤکم ویامرنا
بالصلوٰة والصدق
و العفاف والصلة (الحدیث)
(الصحیح للبخاری ج ۱ ص ۴)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما
سے روایت ہے کہ ہرقل (روم کے
بادشاہ) نے ابوسفیان سے پوچھا
کہ وہ نبی (ﷺ) تمھیں کیا
حکم دیتے ہیں۔ مَیں نے کہا کہ آپ
فرماتے ہیں کہ ایک اللہ کی عبادت
کرو اور اس کا کوئی شریک نہ ٹھہراؤ
اور جو تمھارے باپ دادا کہتے تھے
وہ چھوڑ دو اور ہمیں نماز کا حکم فرماتے
ہیں اور سچ بولنے کی تلقین فرماتے ہیں
اور پاکبازی کا حکم فرماتے ہیں اور
رشتہ داری کے تعلقات کو ملانے کا
حکم فرماتے ہیں۔

Ḥaḍrat 'Abdullah bin 'Abbās رضی اللہ عنہما has narrated that Heraclius (the Byzantine Emperor) asked Ḥaḍrat Abu Sufyān رضی اللہ عنہ: "What does Prophet Muḥammad ﷺ order you to do?"

Ḥaḍrat Abu Sufyān رضی اللہ عنہ replied: "The Almighty Allah's Prophet ﷺ tells us to worship Allah the Almighty alone, none other than Him, and to renounce all that our ancestors said (in favour of idol worship). He orders us to pray, to speak the truth, to be chaste, and to keep good relations with our kith and kin."
-(Ṣaḥīḥ Al-Bukhārī V1, P4)

بسم اللہ الرحمن الرحیم · ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

سیدنا اوفی الناس ذماما ﷺ

ہمارے سردار تمام جہان سے زیادہ وعدہ وفا درود وسلام بھیجے اللہ آپ پے

Sayyidunā AWFAN-NĀSI DHIMĀMAN ﷺ (Our Leader the Most Meticulous of All in Securing Rights ﷺ)

اکثرھم حرمۃ۔

(شرح المواھب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۲۳)

تمام جہاں سے زیادہ وعدے کا احترام کرنے والے۔

The Almighty Allah's Prophet ﷺ was most respectful to others in matters inviolable (i.e. regarding life and property).

-(*Sharh Al-Mawahib Al-Laduniya by Al- Zarqani V3, P123*)

عن علی کرم اللہ وجہہ کان رسول اللہ ﷺ اوفی الناس ذمۃ۔

(تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۲۳)

حضرت علی المرتضی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ تمام لوگوں سے زیادہ وعدہ پورا کرنے والے تھے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین

Ḥaḍrat 'Ali رضي الله عنه said: "The Almighty Allah's Apostle ﷺ was most faithful in fulfilling rights and claims (i.e. regarding security of life and property)."
-(Tārīkh Ibn Kathīr V6, P29)

بكسر الذال المعجمة اى اكثرهم حرمة واشدهم مهابة۔
قال حسان بن ثابت رضي الله عنه
وماحملت من ناقة فوق رحلها
ابر واوفى ذمة من محمد
(سبل الهدیٰ ج۱۔ ص۵۳۸)

ذِماما ذال کی کسرہ کے ساتھ، معنیٰ تمام سے زیادہ معزز اور سخت رعب والے۔
حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں "کسی اونٹنی نے اپنے اوپر حضرت محمد ﷺ سے زیادہ نیک اور وعدہ وفا کو سوار نہیں کیا۔

Beginning with the short vowel *kasra* (i) under the dotted letter *dhāl* the word *Dhimām* means "the most respectful of all with regard to matters inviolable (i.e. security of life and property)" and "most meticulous of all in matters of dignity."

Ḥaḍrat Ḥassan bin Thabit رضي الله عنه said: "No she-camel has ever carried on her back one more faithful in matters inviolable than the Holy Prophet Muḥammad ﷺ."
-(Subul Al-Hudā V1, P538)

سیدنا الأول ﷺ

ہمارے سردار سب سے پہلے درود و سلام بھیجے الآپ

Sayyidunā AL-AWWALU ﷺ
(Our Leader, the First ﷺ)

عن قتادة رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ كنت اول الناس فى الخلق و أخرهم فى البعث -

الطبقات الكبرى لابن سعد ج۱ ص۱۴۹

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا میں پیدائش میں لوگوں سے پہلے ہوں اور بعثت میں آخری ہوں۔

Hadrat Qatāda رضی اللہ عنہ has reported the Almighty Allah's Prophet ﷺ as saying: "I was the first to be created and the last to be sent as a Prophet."

-(Al-Ṭabaqat Al-Kubrā by Ibn Sa'd V1, P149)

عن ابى هريرة رضی اللہ عنہ فى حديث الاسراء قال

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ واقعہ معراج میں

الله تعالىٰ وجعلتك اول النبيين خلقًا و اٰخرهم بعثًا۔ (رواه البزار)	اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے میرے حبیب ﷺ! میں نے تجھے نبیوں سے پہلے پیدا کیا اور ان کے آخر میں مبعوث فرمایا۔
(سبل الهدىٰ ج١، ص٥٣٩)	

Ḥadrat Abu Huraira رضی اللہ عنہ has narrated the Ḥadīth regarding the Night of Ascention *(Al-Isrā')*, during which Allah the Almighty said to Ḥadrat Muhammad ﷺ: "I created you before all the Prophets (peace be upon them all) and then sent you after them all (i.e. You are the First and the Last)."

-(Narrated by Al-Bazzār; Subul Al-Hudā V1, P539)

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الامي وعلى اله واصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك

سيدنا اول الرسل خلقاً ﷺ

حمارے سردار تمام پیغمبروں سے پیدائش میں پہلے درود وسلام بھیجے اللہ آپ ﷺ

Sayyidunā AWWAL-UR-RUSULI KHALQAN ﷺ
(Our Leader the First of All Prophets in Creation ﷺ)

عن العرباض بن سارية
السلمى رضي الله عنه قال سمعت
رسول الله ﷺ يقول انى
عبدالله فى ام الكتب لخاتم
النبيين وان ادم لمنجدل
فى طينته وسانبئكم بتأويل
ذلك دعوة ابى ابرٰهيم و
بشارة عيسىٰ قومه ورؤيا
امى التى رأت انه خرج
منها نور اضاءت له قصور

حضرت عرباض بن ساریہ سلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے
ہیں کہ میں نے حضور اقدس ﷺ
کو فرماتے سنا "بیشک میں اللہ کا بندہ
اصل کتاب (لوح محفوظ) میں نبیوں
کو ختم کرنے والا اس وقت سے ہوں جب
حضرت آدم کا خمیر ابھی مٹی میں گوندھا
جا رہا تھا اور میں ابھی اس کی تشریح تم کو
بتاؤں گا اور عنقریب اس کا مقصد تم کو
بتاؤں گا۔ حضرت ابراہیم کی دعا (البقرة ۱۲۹)
اور حضرت عیسیٰ کی بشارت (الصف ۶)

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمين آمين يا رب العالمين

الشام و كذلك ترى
امهات النبيين صلوٰت الله
عليهم -
(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۴ ص ۱۲۸)

اور میری والدہ کا خواب جو انھوں نے
دیکھا کہ اُن سے ایک روشنی نکلی جس سے شام
کے محل چمک اٹھے اور اسی طرح پیغمبروں
کی مائیں خواب دیکھا کرتی تھیں -

